
# برامپٹن ٹرانزٹ میں خوش آمدید

**برامپٹن ٹرانزٹ نقل و حرکت کے لیے 'پے اَیز یُو بورڈ' ادائیگی کا ایک نظام ہے، جو پورے شہر میں سروس اور مضافاتی علاقوں کے ساتھ رابطے فراہم کرتا ہے۔ ہم آپ کو محفوظ اور قابل بھروسہ سروس فراہم کرنے کی بھرپور کوشش کرتے ہیں۔**




کیا آپ جانتے ہیں کہ اس بارے میں جاننے کے کئی طریقے ہیں کہ آپ کی بس کب آ رہی ہے؟

آپ نیکسٹ رائیڈ (Next Ride) کے ذریعے اگلی بس کے بارے میں براہ راست، تازہ ترین معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ آپ کو صرف بس اسٹاپ کے چار ہندسوں پر مشتمل نمبر کی ضرورت ہے اور آپ کو اپنے اسٹاپ کے لیے اگلی بس کے آنے کے اوقات موصول ہو جائیں گے۔

**ٹیکسٹ یا ای میل:** اپنا چار ہندسوں پر مشتمل بس اسٹاپ نمبر **nextride@brampton.ca** پر ٹیکسٹ یا ای میل کریں۔ مثلاً: 3361

**آن لائن:** **bramptontransit.com** ملاحظہ کریں اور نیکسٹ رائیڈ (Next Ride) پر کلک کریں۔

a. اپنے اسٹاپ پر اگلی بس کے آنے کے اوقات دیکھنے کے لیے اپنے بس اسٹاپ کا چار ہندسوں پر مشتمل نمبر درج کریں۔

b. اگر آپ کے پاس اسمارٹ فون ہے، تو فوری رسائی کے لیے موبائل سائیٹ کو بک مارک کرلیں: **nextride.brampton.ca**۔

**فون:** **905.874.2999** پر کال کریں اور ہدایات پر عمل کریں

### اسے مزید آسان بنا لیں، نوٹیفیکیشنز کے لیے سائن اپ کریں

نیکسٹ رائیڈ نوٹیفیکیشن **(Next Ride Notification)*** ایک سبسکرپشن سروس ہے، جو آپ کو اس بارے میں باقاعدگی سے نوٹیفیکیشنز بھیجتی ہے، کہ آپ کی بس کب نکلے گی۔ ہر سبسکرپشن کے ساتھ 10 مختلف بس اسٹاپ منتخب کیے جا سکتے ہیں۔

**bramptontransit.com** ملاحظہ کریں اور نیکسٹ رائیڈ **(Next Ride)** پر کلک کریں۔ جب آپ نیکسٹ رائیڈ کے صفحے پر ہوں، تو نوٹیفیکیشن کے لنک پر کلک کریں اور اپنی معلومات درج کریں۔

*نیکسٹ رائیڈ نوٹیفیکیشن برامپٹن ٹرانزٹ کی جانب سے فراہم کی جانے والی ایک مفت سروس ہے۔ تاہم، آپ کے زیر استعمال سروس کی بنیاد پر، آپ کے وائرلیس فراہم کنندہ کی جانب سے آپ سے فی پیغام فیس وصول کی جا سکتی ہے۔

**موبائل:** ہماری نیکسٹ رائیڈ موبائل سائیٹ آپ کو ایک ایپ جیسی استعمال میں آسان سہولت دیتی ہے۔ اپنے اسمارٹ فون پر **nextride.brampton.ca** کو بک مارک کر لیں اور چٹکی بجانے کی دیر میں اگلی بس کی معلومات حاصل کریں۔

### شیڈول اور نقشے

برامپٹن ٹرانزٹ کے راستوں کے تمام شیڈول اور نقشے **bramptontransit.com** پر جا کر شیڈولز اینڈ میپس کے صفحے سے ڈاؤن لوڈ کیے جا سکتے ہیں۔

### Triplinx

برامپٹن اور گریٹر ٹورانٹو اینڈ ہیملٹن ایریا **(GTHA)** کے اندر اپنے سفر کی منصوبہ بندی کے لیے میٹرولنکس **(Metrolinx)** کا اپنا سفر کا منصوبہ کار، ٹرپلنکس **(Triplinx)** استعمال کریں۔

سفر کی منصوبہ بندی آسان ہے؛ اپنے سفر کا ابتدائی مقام اور منزل درج کریں اور ٹرپلنکس **(Triplinx)** آپ کو بتائے گا کہ وہاں کیسے پہنچنا ہے۔ اپنے سفر کے منصوبے کو زیادہ سے زیادہ چلنے کا راستہ یا سفر کے طریقے جیسے انتخابات کے ساتھ، اپنی ضروریات کے مطابق بنائیں۔ ٹرپلنکس کو بذریعہ گاڑی، سائیکل چلاتے ہوئے یا پیدل چلتے ہوئے یا ان انتخابات کے مجموعے کے ساتھ سفر کے بارے میں معلومات دینے کے لیے تیار کیا گیا ہے۔

آپ گاڑیوں کے شیڈول، کرایہ اور دیگر ایسی مفید معلومات بھی حاصل کر سکتے ہیں، جو آپ کو سفر سے پہلے درکار ہو سکتی ہے۔

ٹرپلنکس میں برامپٹن، برلنگٹن، ڈُرہم ریجن **(DRT)**، گو ٹرانزٹ، ہیملٹن **(HSR)**، ملٹن، مِسیساگا **(MiWay)**، اوک وائل، ٹورانٹو **(TTC)**، یارک ریجن **(YRT)** اور **UP** ایکسپریس کے لیے سفری معلومات شامل ہیں۔

مزید معلومات کے لیے **triplinx.ca** ملاحظہ کریں۔

### گوگل

اگر آپ گوگل میپس استعمال کرتے ہیں، تو گوگل ٹرانزٹ کے ذریعے برامپٹن ٹرانزٹ پر سفر کی منصوبہ بندی کریں۔

### اپنا کرایہ ادا کرنا




مسافر برامپٹن ٹرانزٹ اور زوم **(Züm)** استعمال کرتے ہوئے نقد رقم سے یا اپنے پریسٹو **(PRESTO)** کارڈ کے ذریعے ادائیگی کر سکتے ہیں۔

اگر آپ نقد ادائیگی کر رہے ہیں، تو براہ کرم سوار ہوتے وقت کل کرایے کی پوری رقم پاس رکھیں۔ آپریٹر ریزگاری نہیں دے سکتے۔

**PRESTO** الیکٹرانی طور پر ادائیگی کا ایک نظام ہے، جو گریٹر ٹورانٹو اینڈ ہیملٹن ایریا **(GTHA)** اور اوٹاوا میں سفری ایجنسیوں کی جانب سے استعمال کیا جاتا ہے۔ **PRESTO** سواریوں کے لیے کرایے کی ادائیگی کو آسان ترین بنانے کے لیے اسمارٹ کارڈ ٹیکنالوجی استعمال کرتا ہے۔ کارڈ پر براہ راست پیسے یا برامپٹن ٹرانزٹ کا ہفتہ وار یا ماہانہ پاس لوڈ کریں۔ بس پر سوار ہوتے ہوئے، کارڈ کو **PRESTO** ڈیوائس کے ساتھ لگائیں۔

گاہکوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ ایک **My PRESTO Account** بنائیں۔ اگر آپ کا کارڈ گُم یا چوری ہو جاتا ہے، تو اسے تبدیل کیا جا سکتا ہے اور بیلنس واپس لایا جا سکتا ہے۔

جب آپ نقد کرایہ ادا کر رہے ہوں، تو سوار ہوتے ہوئے آپریٹر سے ایک تبادلے کی درخواست کریں اور آپ تبادلے کی وقت کے لیے لامحدود سفر کے اہل ہو جائیں گے۔ تبادلے جاری کیے جانے کے بعد دو گھنٹوں میں منسوخ ہو جاتے ہیں۔

برامپٹن ٹرانزٹ کسی بھی مقام سے درج ذیل ٹرانزٹ سروس کے فراہم کنندگان کی جانب سے تبادلے قبول کرے گا، بشرطیکہ تبادلے کا وقت باقی رہتا ہو:

- برلنگٹن ٹرانزٹ
- دُرہم ریجن ٹرانزٹ **(DRT)**
- ہیملٹن اسٹریٹ ریلوے **(HSR)**
- مِسیساگا ٹرانزٹ **(MiWay)**
- اوک وائل ٹرانزٹ
- **TTC** – صرف زون 3 کا پنچ کیا گیا تبادلہ
- یارک ریجن ٹرانزٹ **(YRT)**

اگر آپ **PRESTO** کارڈ استعمال کر رہے ہوں، تو آپ کو بس آپریٹر سے تبادلے کی درخواست کرنے کی ضرورت نہیں ہے، یہ خودبخود آپ کے کارڈ پر محفوظ کر لیا جاتا ہے، جس سے آپ اجراء کے وقت سے دو گھنٹے کے لیے سفر کر سکتے ہیں۔

نوٹ: برائے مہربانی روانگی کے شیڈول شدہ وقت سے کم از کم پانچ منٹ پہلے اپنے بس اسٹاپ پر موجود ہوں۔

زوم **(Züm)** برامپٹن ٹرانزٹ کی بس ریپڈ ٹرانزٹ **(BRT)** سروس ہے۔ زوم **(Züm)** ایک قابل بھروسہ، پورا دن چلنے والی اور محدود اسٹاپس والی سروس ہے، جو ہماری روایتی بسوں کے ساتھ آسانی سے مربوط ہے۔ یہ رہائشیوں کے لیے برامپٹن کے اندر اور یارک ریجن، مسیساگا اور ٹورانٹو کے ساتھ براہ راست رابطوں کے ساتھ پورے گریٹر ٹورانٹو ایریا **(GTA)** میں بہتر رابطے فراہم کرتے ہوئے، سروس کے مجموعی معیار کو بہت بہتر کرتی ہے۔ جبکہ زوم **(Züm)** برامپٹن ٹرانزٹ میں ایک منفرد اضافہ ہے، یہ علیحٰدہ کام نہیں کرتی۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ آسانی سے اور مزید اہم یہ کہ، بغیر کسی اضافی خرچ کے دونوں سروسز کے درمیان منتقل ہو سکتے ہیں۔

کسی براہ راست ایجنٹ سے بات کرنا چاہتے ہیں؟ ہمارا رابطہ سنٹر ہفتے کے ساتوں دن کھلا رہتا ہے:

| | |
|---|---|
| پیر – جمعہ: | صبح **7:00** – رات **9:00** |
| ہفتہ: | صبح **7:00** – شام **7:00** |
| اتوار: | صبح **9:00** – شام **6:00** |

ہمیں **905.874.2999** یا ٹی ٹی وائی **905.874.2130** پر کال کریں۔ آپ ہمیں **transit@brampton.ca** پر ای میل بھی کر سکتے ہیں

## ترجمے کی خدمات

اگر آپ کو ترجمے کی خدمات درکار ہوں، تو **905.874.2999** پر کال کریں، یہ بتائیں کہ آپ کو معاونت کی ضرورت ہے اور انگریزی میں اپنی زبان کا نام لیں۔ آپ کو بغیر کسی خرچ کے ایک ترجمان دیا جائے گا۔ برائے مہربانی جس دوران ترجمان کو مربوط کیا جائے، اس دوران لائن پر موجود رہیں۔

سروس کے بارے میں تازہ ترین معلومات، بشمول راستوں کی تبدیلی، سروس میں بہتریاں، چھٹی کے دن سروس اور نقل و حمل کے بارے میں خبریں، حاصل کرنے کے لیے ہمیں ٹوئٹر **BramptonTransit@** پر فالو کریں۔ کوئی سوال ہے؟ تو اسے ٹوئیٹ کریں۔ ہمارا رابطہ سنٹر آپ کو بخوشی جوابی ٹویٹ کرے گا۔

تازہ ترین خبروں، اعلانات، نقل و حمل کے حوالے سے مواقع، تصاویر، ویڈیوز اور مزید بہت کچھ کے لیے ہمیں فیس بک **BramptonTransit@** پر لائیک کریں۔

ہماری **ThrowbackThursday#** اور **BehindTheScenesTuesday#** کی تصاویر، مزیدار ویڈیوز اور مزید بہت کچھ دیکھنے کے لیے ہمیں انسٹاگرام **bramptontransit@** پر فالو کریں!

## ای-نیوز لیٹر

ہمارے ای-نیوز لیٹر کے ساتھ برامپٹن ٹرانزٹ کی معلومات اپنے اِن باکس میں حاصل کریں۔ سروس میں تبدیلیوں، چھٹی کے دنوں کے شیڈول، تقریبات اور مزید کے بارے میں تازہ ترین معلومات حاصل کریں!

سبسکرائب کرنا آسان ہے! آج ہی سائن اپ کرنے کے لیے ہماری ویب سائیٹ ملاحظہ کریں۔